Urdu

ACCU-CHEK® Aviva Nano

اپنے خون میں گلوکوز کی جانچ کرنا

جب آپ کا میٹر نیا ہو

تاریخ اور وقت پہلے سے ہی ترتیب دیے ہوتے ہیں لیکن اس کی جانچ کرنے کے لئے میٹر چالو کریں اور آن/آف بٹن کا استعمال کرتے ہوئے ترتیبات کی تصدیق کریں۔ اگر ترتیبات تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو اسکرولنگ بٹنوں کا استعمال کریں۔ میٹر بند کر دیں۔

جب آپ اسٹرپس (پٹیوں) کا نیا ڈبہ کھولیں

یقینی بنائیں کہ میٹر بند ہو۔ میٹر کی سائڈ میں کوڈ چپ ڈالیں جب تک کہ کوڈ چپ اپنے مقام پر صحیح طرح سے نہ لگ جائے۔

یقینی بنائیں کہ ڈسپلے پر ظاہر کوڈ نمبر ٹیسٹ اسٹرپ کے ڈبے پر درج کوڈ نمبر سے میل کھاتا ہو۔

روزمرہ کی جانچ

1



دکھائے گئے تیر کی سمت میں میٹر میں ٹیسٹ اسٹرپ ڈالیں۔ میٹر خودبخود چالو ہو جائے گا۔

پھر ڈسپلے پر ایک ٹیسٹ اسٹرپ اور خون کی بوند کا نشان ظاہر ہوگا۔ میٹر اب تیار ہے۔

2

خون کا نمونہ حاصل کرنے کے لئے ملٹیکلیکس (Multiclix) فنگرپریکر کا استعمال کریں (پشت پر دیکھیں)۔

3

ٹیسٹ اسٹرپ کے پیلے خانے کے سامنے والے حصے پر خون کی بوند لگائیں۔ جب نتائج کے لئے ٹیسٹ اسٹرپ پر کافی خون لگ جائے گا تو ڈسپلے پر ایک شیشہ ساعت (hourglass) ظاہر ہوگا۔

پھر نتیجہ ڈسپلے پر ظاہر ہوگا۔

Roche Diagnostics Scandinavia AB, Box 1228, 171 23 Solna
Accu-Chek Kundsupport: telefon: 020 - 41 00 42, fax: 08 - 98 44 42, e-mail: info@accu-chek.se
www.accu-chek.se

ACCU-CHEK®